کیڑوں کو قابو کرنا

# کھٹمل

**کلیدی حقائق**

- رات کے وقت، وہ انسانی یا جانوروں کے خون پر پلتے ہیں۔
- حملے گندے طرز رہن سہن سے کوئی تعلق نہیں اور یہ کسی کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔
- حملوں کا ماہرانہ کیڑے کنٹرول سروس کے ذریعہ مناسب طریقہ سے علاج کیا جا سکتا ہے۔
- اگر آپ کو حملے کا سامنا ہے، تو اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ کھٹمل آپ کے سامان میں ساتھیوں اور رشتہ داروں تک منتقل نہ ہوں۔
- حشرات کش سپرے کے ساتھ خود سے حملے کا علاج نہ کریں اور نہ کوشش کریں؛ صرف ماہر کیڑے کنٹرول ہی مسئلہ کو ختم کر سکتا ہے۔
- اگر آپ پریشان ہیں کہ شاید آپ پر حملہ ہو گیا ہے، تو کھٹملوں کو جمع کریں اور ان کا کسی کیڑے کنٹرول ماہر سے معائنہ کروائیں۔

**ظاہری شکل**

- بالغ 4-6 ملی میٹر لمبے ہوتے ہیں؛حال ہی میں خون چوسا ہو، تو وہ تقریباً 10 ملی میٹر لمبے ہو جاتے ہیں۔
- نوجوان کھٹمل بظاہر حلیے میں انہی جیسے ہوتے ہیں، لیکن چھوٹے اور رنگت میں ہلکے ہوتے ہیں۔




وضاحت: کھٹمل فاؤنڈیشن

**عادات**

- عموماً رات کو، انسانوں اور گھریلو پالتو جانوروں کے خوں پر پلتے ہیں۔
- دن کے دوران، وہ بستر فریمز، فرنیچر اور دیواروں کی دراڑوں میں چھپ جاتے ہیں۔
- شاید ایک اپارٹمنٹ سے دوسرے اپارٹمنٹ میں چلیں جائیں؛ مثلاً اگر کیڑے مار سپرے استعمال کرتے ہوئے انہیں ختم کرنے کی کوشیشیں کوششیں کی جاتیں ہیں۔
- مادہ 500 تک انڈے دے سکتی ہیں۔
- لمبے عرصہ تک سرد درجہ حرارت میں زندہ رہ سکتے ہیں اور چھ ماہ تک خوراک کے بغیر رہ سکتے ہیں۔
- تقریباً ایک سال تک زندہ رہ سکتے ہیں۔

**صحت پر اثرات**

- رات کو جلد جلد کے ظاہر علاقوں کو کاٹتے ہیں (گردن، چہرہ، بازو، گھٹنے، وغیرہ)۔
- کاٹے جانے کے بعد صرف گھنٹوں یا دنوں میں اکثر سرخ جلد کا ردعمل ظاہر ہوتا ہے۔
- تقریباً 20% افراد میں کھٹمل کے کاٹنے کا کوئی ردعمل نہیں ہوتا ہے۔
- کھٹمل کسی بیماری کی منتقلی کے لئے نہیں جانے جاتے ہیں۔

کھٹملوں کے فضلے کے ذرات۔

**کھٹمل کے حملے کی علامات**

- دن کے وقت، کھٹمل بستر کے چوکھٹوں ور بستر کے نزدیک دراڑووں میں چھپ جاتے ہیں۔
- فضلے کے ذرات (چھوٹے گہرے نشانات ---- تصویر دیکھیں، دائیں) یا خون کے نشانات۔
- اگر اپارٹمنٹ کا خصوصی تربیت یافتہ کھٹمل سراغ رساں کتے نے معائنہ کیا ہے، علاج بہت سستا اور مؤثر ہو سکتا ہے۔

**کلیدی حقائق**

- حالیہ سالوں میں، دنیا بھر میں کھٹمل تیزی سے غالب ہو گئے ہیں۔
- وہ عموماً لوگوں کے سامان اور پرانے فرنیچر کے ذریعہ منتقل ہوتے ہیں۔

**کھٹملوں سے نبٹنا**

- صرف کھٹملوں کی موجودگی کی تصدیق ہونے کے بعد علاج شروع کریں۔
- کیڑے مار سپرے استعمال کرتے ہوئے خود سے حملے کے علاج کی کوشش نہ کریں؛ کھٹمل پورے اپارٹمنٹ یا عمارت میں پھیل سکتے ہیں۔
- علاج لائسنس یافتہ سوئس کیڑے کنٹرول کمپنی پر چھوڑ دیں۔
- مقصد سامان سے تمام کھٹملوں کا مکمل خاتمہ ہونا چاہیئے۔
- بہت سے کیسز میں، ایک سے زائد کیڑے مار مادہ سے علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔ متبادل: حرارتی علاج۔
- علاج سے نئے حملوں کا انسداد نہیں ہو گا۔

**انسداد**

- کھٹملوں، فضلے کے ذرات اور خون کے نشانات کے لئے پرانے بستروں اور فرنیچر کا معائنہ کریں۔
- استعمال شدہ پیکنگ کے ڈبوں میں بھی کھٹملوں کا حملہ ہو سکتا ہے۔
- پرانے کپڑوں کو 60° C پر دھوئیں یا 45° C پر خشک کریں۔
- اگر آپ کے اپارٹمنٹ میں حملہ ہوا ہے، سیڑھیوں، تہہ خانہ یا مچان پر فرنیچر مت رکھیں؛ حملہ ہمسایہ اپارٹمنٹس تک پھیل سکتا ہے۔
- جب فرنیچر کو پھینکنے لگیں، تو براہ مہربانی واضح طریقہ سے آئٹمز پر ***کھٹملوں سے بھرے ہوئے*** کا نشان لگائیں یا لکھ لیں یا انہیں ناقابل استعمال کر دیں، تا کہ دوسرے انہیں گھر نہ لے جائیں۔
- **اگر آپ دوستوں یا رشتہ داروں کے ساتھ رہ رہے ہیں، اس بات کی یقین دہانی کریں کہ اپنے سامان کے ساتھ کسی کھٹملوں کی ترسیل نہ کریں۔**

**اپنے ہوٹل کے کمرے میں کھٹمل کے متعلق مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

- ہوٹل کی انتظامیہ کو مطلع کریں۔
- ایک اور کمرہ، ترجیحاً ساتھ والا کمرہ نہیں، کا مطالبہ کریں۔
- سامان کو جتنا ممکن ہو بستر سے دور رکھیں اور تمام زپ بند رکھیں۔

**اپنے ہوٹل کے کمرے میں کھٹمل کے متعلق مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

- فوراً اپنے بیگز بالکونی یا کپڑے دھونے کے کمرہ میں خالی کریں۔
- اگر کپڑوں کو فوراً نہیں دھویا جا سکتا، تو ٹیپ کے ساتھ مہر بند کوڑا دان بیگز میں رکھیں۔
- فوراً کپڑوں کو 30 منٹوں کے لئے 60° C پر یا 40° C پر دو بار دھوئیں۔
- 30 منٹوں کے لئے 45° C پر ہوا میں خشک کریں۔
- 24 گھنٹوں کے لئے 17° C پر فریزر میں رکھیں۔
- خالی سامان کو کمروں سے باہر کرم کش سپرے کے ساتھ سپرے کریں اور پھر تہہ خانہ یا بالکونی میں ہوا میں رکھیں۔

**آپ کے حقوق**

- اگر عمارت میں ایک سے زائد اپارٹمنٹ میں حملہ ہے، تو جائیداد کے منتظم کو حملہ سے نبٹنے کے لئے حشرات کنٹرول کمپنی کو تعینات کرنے کی ضرورت ہے۔ پھر عمارت میں تمام اپارٹمنٹس کو کھٹملوں کے لئے لازماً معائنہ کریں۔
- خرچ کردہ لاگت کرایہ داروں پر لاگو نہیں کی جا سکتی۔ کتابچہ دیکھیں، *حشرات کے حملے: آپ کے حقوق*۔ فرائض کے سوئس کوڈ کے آرٹیکلز 256، 258، 257f، g، h اور 259 رہائشی جائیدادوں کی نگرانی کرتے ہیں۔

**ہم یہاں آپ کی مدد کے لئے ہیں**

معائنہ کے لئے ہمیں کال کریں، یا کیڑوں کو ہمارے پاس بھیجیں یا لے کر آئیں۔ ہم زیورخ کے رہائشیوں کو مفت مشورہ فراہم کرتے ہیں۔


حشرات کنٹرول مددگار ڈیسک:
Isabelle Landau Lüscher, Dr Gabi Müller, Marcus Schmidt

برائے ٹیلیفون اور ذاتی ملاقات
زیورخ کے رہائشی:
والچیسٹر۔ 31, 2nd floor, office 232
Tel. 044 412 28 38
Mo – Fr: دوپہر 1.30 – دوپہر 2.30

خطوط: Walchestrasse 31
Postfach 3251, 8021 Zürich
Packagesپیکیجز: والچیسٹریس 31
8006 زیورخ

ugz-bsb(at)zuerich.ch
www.stadt-zuerich.ch/schaedlingsbekaempfung